© rasailojaraid.com

کتاب میں مولانا محمد انور بدخشانی زیدہ مجدہ اور مولانا نور البشر زید مجدہ کی آراء بھی موجود ہیں۔ مولانا نور البشر صاحب زید مجدہ کتاب کا تعارف کراتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''یہ کتاب...... طلباء کے لیے ایک خوبصورت گلدستہ ہے جس میں علم کی اہمیت، اس کی قدر افزائی، اس کے حصول کے راستے میں محنت ومشقت، وقت کی قدر و قیمت، اساتذہ کی خدمت، اساتذہ اور کتابوں کا ادب واحترام، اعمال صالحہ کی ترغیب، حقوق العباد کی اہمیت اور ترک معاصی واصلاح معاشرہ کے موضوع پر سینکڑوں واقعات کو بہترین انداز میں مرتب کر کے پیش کیا گیا ہے''۔

کتاب کا ٹائٹل دیدہ زیب، طباعت معیاری اور کاغذ درمیانے درجہ کا ہے۔

## منزل کی تلاش

مصنف: مولانا عطاء اللہ شہاب، ناشر: دارالکتاب، کتاب مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ اردو بازار، لاہور، صفحات: ۲۸۷، قیمت: ۱۴۰

مولانا عطاء اللہ شہاب غیر معمولی انتظامی خوبیوں کے مالک ہیں، جمعیت علماء اسلام سے نظریاتی وابستگی رکھتے ہیں اور شمالی علاقہ جات میں جمعیت علماء اسلام کے ناظم عمومی، گلگت بلتستان الائنس کے وائس چیئرمین اور وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نمائندہ خصوصی کی حیثیت سے دینی، سیاسی اور سماجی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اس کے ساتھ مولانا عطاء اللہ شہاب قلم سے بھی اپنا رشتہ جوڑے ہوئے ہیں۔ زیر نظر کتاب ان کے کالموں کا مجموعہ ہے، یہ کالم مختلف اخبارات ورسائل میں شائع ہوتے رہے۔ ان کالموں میں انھوں نے شمالی علاقہ جات کے سیاسی، دینی، معاشی اور تعلیمی موضوعات پر اظہار خیال کیا ہے۔

کتاب کی طباعت معیاری، ٹائٹل پرکشش اور کاغذ درمیانے درجے کا ہے۔

## تمباکو اور اسلام

مؤلف: مولانا حفظ الرحمٰن اعظمی ندوی، ناشر: بیت العلم ٹرسٹ، صفحات: ۱۶۰، قیمت درج نہیں۔

مولانا حفظ الرحمٰن اعظمی ندوی جامعۃ الھدایۃ، جے پور (ہند) کے استاذ حدیث ہیں زیر نظر کتاب ان کے تحقیقی مضامین کا مجموعہ ہے جو پہلے ہندوستان کے مختلف رسائل ومجلات میں شائع ہو چکے ہیں۔ اپنے موضوع پر یہ معلومات افزا اور تحقیقی کاوش ہے، جس میں قدیم وجدید مآخذ اردو زبان میں سے پہلی بار تمباکو نوشی سے متعلق ڈھیر سارا مواد یکجا کر دیا گیا ہے۔

کتاب کے کل پانچ باب ہیں، باب اول میں تمباکو کی حقیقت، تاریخی پس منظر، مختلف ادوار میں امراء وسلاطین کی طرف سے تمباکو نوشی کے خلاف چلائی جانے والی مہمات کا تفصیلی جائزہ اور عصر حاضر میں تمباکو نوشی کے خلاف عالمی سطح کی کانفرنسوں کے اعلامیے دے گئے ہیں۔ تمباکو کی طبی حیثیت پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔

© rasailojaraid.com